فلورالیا

تعارف فلورالیا

فلورا ملک روم کی قدیم ترین دیویوں میں سی ایک ہے اور ان پندرہ دیویوں میں سی ایک ہے جن کو حکومتی سرپرستی اور پجاری حاصل تھے ۔ اور اسے پھولوں پودوں اور زرخیزی کی دیوی مانا جاتا ہے

قدیم دوم میں فلورالیا تہوار فلورا دیوی کے احترام میں منایا جاتا تھا ۔ یہ تہوار ریپبلکن دور میں ستائیس اپریل اور جولین کیلینڈر کی مطابق اٹھائیس اپریل کو منایا جاتا تھا ۔ اس تہوار میں لوڈی فلورا یا فلورا گیمز ہوتے تھے جو چھ دن چلتے تھے ۔ اٹھائیس اپریل سے تین مئ تک چلنے والے تہوار میں رقص ، گلیڈی ایٹر مقابلے ، تھیٹر اور سرکس ہوتا تھا ۔ ان مقابلوں کو دیکھنے آنے والوں پہ ویچیز (پھلی دار پودے) پھلیاں اور لوپن (زرخیزی کا نشان) پھینکے جاتے تھے ۔ اس دیوی کے احترام میں ہرن اور خرگوش بھی چھوڑے جاتے تھے جو زرخیزی کی علامت سمجھے جاتے تھے تاکہ وہ باغات اور کی رکھوالی کرئیں ۔ عام طور پر پہ پہنے جانے والے سفید لباس کی جگہ اس تہوار پہ رنگدار لباس زیب تن کیے جاتے تھے

اس کروشے آلونگ کی مکمل ویڈیو ٹیٹوریل ہیلن شرمپٹن کے کرسٹل اینڈ کروشے سے حاصل کر سکتے ہیں ۔

اگر آپ نے ہیلن شرمپٹن اور کرسٹل اینڈ کروشے کا نام نہیں سنا تو یہ جان لیں کہ ہیلن شرمپٹن کے کرسٹل اینڈ کروشے سے آپ فلورالیا کروشے آلونگ کا مکمل ویڈیو ٹیٹوریل حاصل کرسکتے ہیں ۔

Crystals & Crochet Website

Crystals & Crochet YouTube channel

ٹانکے -

گم ٹانکا	سلپ سٹیچ Sl-st	زنجیر ٹانکا	چین یا CH(S) چینز -
جگہ	سپیس - sp	- ٹانکا یا ٹانکے	سٹیچ یا ST(S) سٹیچیز
- سادہ ٹانکا	سنگل کروشے - -sc	آدھا بڑا ٹانکا	ہاف ڈبل HDC کروشے
بڑا ٹانکا	ڈبل کروشے - -dc	- دو بل ٹانکا	ٹریبل - TR
ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے	فرنٹ پوسٹ -fp-	- ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے	بیک پوسٹ BP -
اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں	فرنٹ لوپ- -fl	- اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں	بیک لوپ BL

پوپ کارن - پھولی Pc مکئی ٹانکا	ٹانکے میں پانچ بڑے ٹانکے بنائیں - ٹانکے سے ہک نکال کر پہلے بڑے ٹانکے میں سے گزار کہ چھوڑے ہوئے پھندے کو کھینچ لیں - ایک زنجیر ٹانکا بنا کر ٹانکا مکمل کر لیں
ٹو ڈبل 2dc-cl کروشے کلسٹر - دو بڑے ٹانکوں کا جھنڈ	بل ڈال کر بتائے گئے ٹانکے یا جگہ میں سے ہک گزار کہ پھندہ کھینچ کر دو پھندوں سے اون کھینچ لیں ہک پہ دو پھندے ہیں - اس عمل کو اس ہی ٹانکے میں دوباہ دہرائیں - ہک پہ تین پھندے ہیں بل ڈال کر تینوں پھندوں سے اون کھینچ لیں
وی سٹیچ - وی Vst ٹانکا	ٹانکے میں ایک بڑا ٹانکا بنائیں دو زنجیر ایک بڑا ٹانکا بنائیں
بوبل سٹیچ - گولا Bo ٹانکا -	ٹانکے میں پانچ بڑے ٹانکے بنائیں - *ہک پہ بل ڈال کر پھندہ کھینچ لیں - ہک پہ بل ڈال کر دو پھندوں سے اون کھینچ لیں -* چار بار مزید دہرائیں - ہک پہ چھ پھندے ہیں - ہک پہ بل ڈال کر تمام پھندوں سے اون کھینچ لیں -
ڈبل سنگل d-sc کروشے - دوہرا سادہ ٹانکا -	ٹانکے سے ہک گزاریں - بل ڈال کر پھندہ کھینچ لیں - ہک پہ دوبارہ بل ڈال کر اسہی ٹانکے سے پھندہ کھینچ لیں - ہک پہ بل ڈال کر تمام پھندوں سے اون کھینچ لیں
پیکوٹ - دانہ Picot ٹانکا -	تین زنجیر ٹانکے بنائیں اور پہلے زنجیر ٹانکے میں گم ٹانکا بنا کر دانہ ٹانکا مکمل کر لیں

راونڈ {Rd}	کس چکر پہ کام کیا جائے گا ۔
Fasten off فاسن آف ۔ کام مکمل کر کے اون کے سرے کو محفوظ کر لیں	اگر گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں کی ہدایت دی گئی ہو ورنہ آپ اپنا پسندیدہ طریقہ استعمال کرسکتے ہیں ۔
Start سٹارٹ ۔ شروع کریں	ہر چکر کہ شروع میں بتایا جاتا ہے کہ کس ٹانکے سے کام شروع کریں ۔ کھڑے ٹانکے سے کام شروع کریں ۔ اگر ایک زنجیر ٹانکے سے کام شروع کرنے کی ہدایت دی گئی ہے تو بتایا جائے گا کہ یہ زنجیر ٹانکا گنتی میں شامل کیا جائے گا یا نہیں ۔

اشیائے ضرورت.

چار ایم ایم ہک (چار اعشاریہ پانچ ایم ایم کے ہک سے گم ٹانکے بنائے جائیں گے ۔)

اون ۔ سٹائل کرافٹ سپیشل ڈی کے ۔ سو گرام کے گولے ۔ فی گولا دو سو پچانوے میٹر

اون کے رنگ برائے للئن	**رنگ برائے ایویلن**
چھ گولے کریم دو گولے ٹوماٹو دو گولے وینٹیج پیچ دو گولے ایپریکوٹ ایک گولا سٹورم بلیو	چھ گولے لاپس تین گولے فونڈینٹ تین گولے ایسپن تین گولے وائٹ

ایک گولا موکا ایک گولا لنکن	
رنگ برائے ویوین چھ گولے کریم تین گولے لپ اسٹک تین گولے سپائس تین گولے سیفرون	**رنگ برائے لنڈسے** چھ گولے بلیک دو گولے فونڈینٹ دو گولے کینڈی فلوس دو گولے وائٹ ایک گولا سوفٹ پیچ ایک گولا کورنش بلیو ایک گولا فوشیا پرپل